Wah! واہ® GOODS
wahwahgoods@gmail.com
www.wahwahg.com

پینلز لگانے کا طریقہ کار



نوٹ :



تصویر کے مطابق پینل لگانے سے پہلے پینل کو ایک نظر پیچھے سے دیکھ لیں اور نوٹ کر لیں کہ دونوں پینلز میں سٹریپ ڈالنے والے تمام سوراخ پینلز کی پچھلی سائیڈ سے ابھرے ہوئے ہیں۔

لنک برائے انسٹالیشن وڈیو www.wahwahg.com/install

1

Pic 1

Pic 2



Pic 3

شاک کے دونوں سٹریپ صحیح ڈالنے کے بعد تصویر نمبر 3 کے مطابق نظر آئینگے۔

دایاں پینل: اوپر دی گئی تصویر نمبر ا کے مطابق ایک چھوٹے سٹریپ کو دندانوں کی سائیڈ اندر رکھتے ہوئے شاک کے کسی آمنے سامنے والے سوراخ میں ڈالیں۔اور پھر سٹریپ کو تصویر نمبر 2 کے مطابق یوٹرن دیکر سامنے والے دوسرے سوراخ سے باہر نکال لیں۔اسی طرح ایک اور چھوٹا سٹریپ شاک کے دوسرے آمنے سامنے والے ایک سوراخ میں ڈال کر دوسرے سے باہر نکال لیں۔

بایاں پینل: اسی طریقے سے بائیں پینل کے شاک والے سٹریپ بھی لگالیں۔

2

Pic 4

Pic 5

Pic 6

اب تصویر نمبر 6 کے مطابق شاک کو سٹریپ کے اندر لاتے ہوئے دونوں سٹریپس کو ٹائیٹ کر دیں۔(دائیں سائیڈ کے پینل کو اسی پوزیشن پر چھوڑ دیں۔)

دایاں پینل: اوپر دی گئی تصویر نمبر 4 کے مطابق دائیں پینل کو شاک کے پیچھے سے گزار کر تصویر نمبر 5 میں دی گئی پوزیشن پر لے آئیں۔

بایاں پینل: اس کے بعد بائیں سائیڈ کے پینل کو بھی دائیں سائیڈ کے طریقے کار کو اختیار کرتے ہوئے بائیں شاک کے ساتھ باندھ دیں۔

3

Pic 7



Pic 8

Pic 9

Pic 10

Pic 11

موٹر سائیکل کی سیٹ کے نیچے مڈگارڈ کے اوپر شاک کے آگے ایک خلا ہے جو تصویر نمبر 7 میں دکھایا گیا ہے۔اب تصویر نمبر 8 کے مطابق بڑا سٹریپ دندانے اوپر رکھتے ہوئے دائیں پینل پر موجود پینل میں دیئے گئے سیٹ کے نیچے والے سوراخ میں سے گزار کر خلا میں سے گزاریں اور تصویر نمبر 9 کے مطابق دوسری سائیڈ پر پینل میں دیئے گے سیٹ کے نیچے والے سوراخ سے واپس باہر نکال لیں تصویر نمبر 10 کے مطابق پینل کے اوپر سے یوٹرن دیتے ہوئے واپس خلا سے گزار کر تصویر نمبر 11 کے مطابق ہیڈ میں ڈال کر ٹائیٹ کر دیں۔

4

Pic 12

Pic 13

Pic 14

Pic 15

تصویر نمبر 12 کے مطابق ایک بڑا سٹریپ دندانے اوپر رکھتے ہوئے دائیں پینل میں موجود مڈگارڈ والے سوراخ میں ڈال کر مڈگارڈ کے اوپر سے گزاریں۔اب دوسری سائیڈ پر موجود تصویر نمبر 13 کے مطابق مڈگارڈ کے سوراخ سے گزار کر باہر نکال لیں۔اب سٹریپ کو یوٹرن دیتے ہوئے تصویر نمبر 14 کے مطابق واپس مڈگارڈ کے اوپر سے گزار کر سٹریپ کو ہیڈ میں ٹائیٹ کر دیں۔

اسی طریقے سے تصویر نمبر 15 کے مطابق ایک اور بڑا سٹریپ دونوں پینل میں موجود مڈگارڈ کے سوراخ سے گزار کر ٹائیٹ کر دیں۔

وائرلاک لگانے کا طریقہ کار

ایکسیڈنٹ بچاؤ گارڈ کے دونوں پینل میں بڑا سوراخ موٹر سائیکل کو لاک کرنے کیلئے دیا گیا ہے۔اوپر دی گئی تصاویر کے مطابق وائرلاک لگایا جاسکتا ہے۔

پینل کو اتارنے کا طریقہ کار

ضرورت پڑنے پر پینل کو اتارا جاسکتا ہے پینل کو اتارنے کیلئے سٹریپ پر موجود ہیڈ کے ساتھ ایک بٹن دیا گیا ہے اس بٹن کو دبا کر سٹریپ کو پیچھے کھینچ کر سٹریپ کو ہیڈ سے نکال لیں اس طرح تمام سٹریپس کو کھول کر پینل اتارے جاسکتے ہیں۔

انتباہ

یہ پروڈکٹ گورنمنٹ آف پاکستان پیٹینٹ آفس سے رجسٹرڈ ہے۔
اسکی نقل وبلا اجازت فروخت قانونا جرم ہے۔جملہ حقوق محفوظ ہیں۔